the women's
the royal women's hospital

# اپنے بچے کو دوسرے ہسپتال منتقل کرنا

NICU (نیوبورن انٹینسیو کیئر یونٹ) میں آپ کے بچے کی پیشرفت کے لیے آپ کو مبارکباد ہے۔ یہ بہت خوشی کی بات ہے کہ آپ کا بچہ اچھی حالت میں ہے اور تقریباً گھر جانے کے لیے تیار ہے۔ یہ ایک اہم سنگ میل ہے۔

آپ کے بچے کی دیکھ بھال کا اگلا مرحلہ دوسرے ہسپتال میں اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) میں ہوگا۔

اپنے بچے کو این آئی سی یو سے اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) اور پھر گھر منتقل کرنا دلچسپ اور کسی حد تک پریشان کن بھی ہو سکتا ہے۔ لیکن محتاط منصوبہ بندی اور مناسب سپورٹ (معاونت) اس مرحلہ کو زیادہ آسان بنا سکتی ہے۔

ہم یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں کہ اس موقع پر کیا کچھ ہو رہا ہے اور کیا توقع رکھی جائے۔ یہاں کچھ عام سوالات ہیں جو کہ والدین ہم سے پوچھتے ہیں۔

## آپ کے بچے کو منتقل کیوں کرنا پڑتا ہے؟

دی رائل ویمنز ہسپتال میں نیوبورن انٹینسیو کیئر یونٹ (NICU) موجود ہے۔ جب آپ کے بچے کو اس شدید نگہداشت کی ضرورت نہ رہے تو ان کی دیکھ بھال اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) میں کی جاتی ہے۔ اس ماحول میں اسٹاف آپ اور آپ کے بچے دونوں کو گھر جانے کے لیے تیار کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

## نئے ہسپتال میں دیکھ بھال کیسی ہوگی؟

اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) کا طبی اور نرسنگ اسٹاف بیمار اور قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کی دیکھ بھال میں ماہر اور تجربہ کار ہوتا ہے۔ جیسے جیسے آپ کا بچہ اسپیشل کیئر (خصوصی نگہداشت) میں ترقی کرتا ہے، اسے کم آلات اور نگرانی کی ضرورت ہوگی۔ متعلقہ اسٹاف، آپ کی مدد کرے گا تاکہ آپ کھلانے، نہلانے اور بچے کی دیکھ بھال میں با اعتماد والدین بن سکیں۔

ہر ہسپتال کا کام کرنے کا طریقہ کچھ مختلف ہوتا ہے۔ والدین کی حیثیت سےآپ دراصل اپنے بچے کی دیکھ بھال کی ٹیم کا اہم حصہ ہیں۔ نئے ہسپتال کے عملے کے ساتھ اپنے علم کا اشتراک کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔ جب آپ اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) پہنچیں تو عملے کو اپنے بچے کی پسند و ناپسند، سکون دینے کی تکنیکوں، اور ان کی کسی بھی ترجیحات کے بارے میں بتائیں۔ ہر بچہ مختلف ہوتا ہے اور یہ ذاتی معلومات دینے سے عملے کو آپ اور آپ کے بچے کو بہتر طور پر جاننے میں مدد ملے گی۔

اگر آپ کے بچے کی دیکھ بھال میں کوئی تبدیلی آپ کو بے چین کرتی ہے، تو ڈاکٹر، نرس یا یونٹ مینیجر سے بات کریں۔ اپنی تشویش کا اشتراک کریں کہ یہ آپ یا آپ کے بچے کو کیسے متاثر کر سکتا ہے۔

## آپ کا بچہ کیسے منتقل کیا جائے گا؟

PIPER - پائپر (بچوں کی نقل و حمل سروس) آپ کے بچے کو ایک ہسپتال سے دوسرے ہسپتال تک محفوظ طریقے سے منتقل کرے گی۔ متعلقہ نگہداشت مینیجر اور ہیلتھ کیئر ٹیم (صحت کی دیکھ بھال کی ٹیم) وضاحت کرے گی کہ یہ کام کیسے کیا جاتا ہے۔

## آپ کے بچے کی معلومات کیسے شیئر کی جائیں گی؟

براہ کرم آپ اپنی کیئر مینیجر اور اپنے بچے کا ڈاکٹر، نئے ہسپتال کی نرسری سے رابطہ کریں گے۔ پیڈیاٹریشن (بچوں کا ڈاکٹر) اور نرسیں آپ کے بچے کی ماضی اور موجودہ صحت اور دیکھ بھال کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کریں گی۔ منتقلی کے وقت آپ کے بچے کے ساتھ ایک ڈسچارج لیٹر (رخصتی خط) بھیجا جائے گا۔ آپ کو اس خط کی ایک کاپی ملے گی۔

اگر آپ کا بچہ 28 ہفتوں سے پہلے پیدا ہوا، 1000 گرام سے کم وزن کا تھا یا اسے تھراپیوٹک ہائپوتھرمیا ہوا، تو انہیں دی رائل ویمنز ہوسپیٹل نیو بورن فالو اپ کلینک میں دو سالہ فالو اپ اپائنٹمنٹ کی پیشکش کی جائے گی۔ آپ سے آپ کے بچے کی دوسری سالگرہ کے قریب اس اپائنٹمنٹ کے شیڈول کے لیے رابطہ کیا جائے گا۔ اگر آپ اس دوران منتقل ہوتے ہیں، تو براہ کرم نومولود کلینک کوآرڈینیٹر کو 2240 8345 03 پر کال کر کے بتائیں۔

## کیا آپ اپنے بچے کے منتقل ہونے سے پہلے نرسری کا دورہ کر سکتے ہیں؟

جی ہاں، آپ کی متعلقہ نگہداشت مینیجر نرسری کا دورہ ترتیب دے سکتی ہیں۔ اگر آپ کے کوئی مخصوص سوالات یا درخواستیں درپیش ہوں، تو براہ کرم دورے کے دوران انہیں اٹھائیں۔ آپ نرسری سے براہ راست بھی رابطہ کر سکتی ہیں۔ براہ کرم ایسا کرنے سے، آپ کو یہ بہتر سمجھ آئے گی کہ آپ کے بچے کی کہاں دیکھ بھال کی جائے گی اور آپ اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) کے بارے میں زیادہ پراعتماد محسوس کر سکتی ہیں۔

## آپ کا بچہ کب منتقل کیا جائے گا؟

سب سے پہلے، ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آپ کا بچہ اچھی صحت میں ہے اور منتقلی کے لیے مستحکم ہے۔

آپ کا بچہ اس وقت منتقل کیا جائے گا جب اسپیشل کیئر نرسری (خصوصی نگہداشت نرسری) میں بستر دستیاب ہو جائے گا۔ عام طور پر، ہمیں منتقلی کے دن ہی پتہ چلتا ہے۔ براہ کرم آپ کا نگہداشت مینیجر متوقع منتقلی کے وقت کے ساتھ آپ سے رابطہ کریں گے۔ یہ کبھی کبھار مختصر نوٹس پر بھی ہو سکتا ہے۔

## لوگ کہتے ہیں کہ یہ آپ کے بچے کے لیے اچھا ہے، لیکن اگر اس سے آپ پریشان یا بے چین ہو جائیں تو کیا ہوگا؟

اگرچہ یہ منتقلی ایک مثبت قدم ہے، کچھ والدین اپنے بچے کے پہلے پالنے، ہسپتال کے عملے اور دیگر والدین کو الوداع کہتے ہوئے اداسی محسوس کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے سے متعلق تبدیلیوں کے بارے میں بے چینی محسوس کرنا معمول کی بات ہے۔

ان احساسات کا ہونا فطری ہے اور اس وقت خاندان، دوستوں یا پیشہ ور افراد سے اضافی حمایت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کو اضافی حمایت کی ضرورت ہے، تو براہ کرم منتقلی سے پہلے یا بعد میں سوشل ورک ٹیم (سماجی کام کی ٹیم) سے بات کریں۔

## مزید معلومات کے لیے یا اگر آپ کو کوئی تشویش ہے تو آپ کس سے بات کر سکتی ہیں؟

آپ کے نگہداشت کے مینیجر، ڈاکٹرز اور سوشل ورکرز (سماجی کارکنان) آپ کے کسی بھی خدشات یا سوالات پر بات کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔ اگر آپ کو کوئی فیصلوں کے بارے میں فکر ہے، تو آپ کنزیومر لائیژن (صارف رابطہ کار) سے بات کرنے کی درخواست کر سکتی ہیں۔

## خدمات اور حمایت

اگر آپ یا آپ کا بچہ دی رائل ویمنز ہسپتال میں ایسی دیکھ بھال حاصل کر رہے ہیں جسے منتقلی کے بعد جاری رکھنے کی ضرورت ہے، تو ذمہ دار ہیلتھ کیئر ٹیم (صحت کی دیکھ بھال کی ٹیم) آپ یا آپ کے بچے کو ہسپتال یا کمیونٹی میں کسی سروس کے لیے ریفر (حوالہ) کر سکتے ہیں۔ ان انتظامات پر آپ کے بچے کی منتقلی سے قبل، آپ کے ساتھ بات کی جائے گی۔

## ٹیلی فون نمبرز

**دی رائل ویمنز ہوسپیٹل میں کنزیومر لائیژن (صارف رابطہ کار)**

بروز پیر سے جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک

کال کریں: 2290 8345 03 یا 2291 8345 03

ای-میل: consumer.liaison@thewomens.org.au

**Newborn Intensive Care Unit,**
**The Royal Women's Hospital**

کال کریں: 3400 8345 03

## کیا آپ کو ایک ترجمان کی ضرورت ہے؟

Interpreter

اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت پیش آئے تو آپ طلب کرسکتی ہیں۔

## فیملی وائیلنس سپورٹ

**1800 Respect نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ کو جنسی زیادتی، گھریلو یا خاندانی تشدد اور بدسلوکی کا سامنا ہوا ہے، تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کرسکتی ہیں۔
1800 737 732 1800respect.org.au

**ڈیس کلیمر**: یہ فیکٹ شیٹ محض عمومی معلومات کی فراہمی کے لیے ہے۔ آپ، یا آپ کے بچے کی صحت کی ضروریات کے حوالے سے مخصوص مشاورت کے لیے، متعلقہ صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کریں۔
The Royal Women's Hospital اپنی صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کرنے کے بجائے، اس فیکٹ شیٹ پر مکمل انحصار کرنے کے باعث، کسی بھی ہونے والے نقصان یا خسارے کی، کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اگر آپ کو، یا آپ کے بچے کو، فوری میڈیکل یا طبی توجہ درکار ہو، تو اپنے قریب ترین واقع ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔
.© The Royal Women's Hospital 2024